پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

09/12/2021

وزیر نندی نے وزیر اعظم عوامی ترقیاتی پروگرام کی زمینی اور مالیاتی پیش رفت کے ساتھ سال 22-2021 میں موصول نئی تجاویز کی تفصیلات کی جائزہ میٹنگ کی

لکھنؤ: 9 /دسمبر 2021

اتر پردیش کے وزیر برائے محکمہ اقلیتی بہبود اور مسلم وقف، سیاسی پنشن جناب نند گوپال گپتا نندی نے آج ودھان سبھا محکمہ اقلیتی بہبود کی جائزہ میں میٹنگ کی۔

جائزہ میٹنگ میں وزیر جناب نندی کو بتایا گیا کہ اتر پردیش سنی سینٹرل وقف بورڈ کے چیف کارگزار افسر کا عہدہ خالی ہے۔ اس عہدہ پر خدمات تبادلہ/ڈیپوٹیشن کے توسط سے تعیناتی کے لیے اتر پردیش سنی سینٹر وقف بورڈ کے ذریعہ ارسال کیے گئے پینل میں شامل نام پر ڈیپوٹیشن کے لیے خواہشمند افسر کے آبائی محکمہ پر مالیاتی محکمہ سے اعتراض کیا گیا ہے، جس پر وزیر جناب نندی نے ہدایت دی ہے کہ وقف ایکٹ میں چیف کارگزار افسر کی تعیناتی کے لیے واضح تجویز کے مطابق چیف کارگزار افسر کے عہدہ کے لیے اتر پردیش سنی سینٹرل وقف بورڈ سے افسران کا نیا پینل طلب کیا جائے۔

اس موقع پر پرنسپل سکریٹری اقلیتی بہبود جناب ہیمانشو کمار، ڈائریکٹر اقلیتی بہبود محترمہ سی اندومتی، اسپیشل سکریٹری جناب ڈی ایس اپادھیائے اور جناب شیوا کانت ترویدی، جوائنٹ ڈائرکٹر جناب ایس این پانڈے، سی ای او جناب راہل گپتا اور سینئر افسران موجود تھے۔

☆☆☆☆☆